© rasailojaraid.com



# تعارف و تبصرۂ کتب

عبدالقیوم حقانی

**نورالالہام فی تفسیر سورۃ الانعام** | تالیف: مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی صاحب ضخامت: ۲۴۰ صفحات
قیمت: ۴۰ روپے ناشر: دارالارشاد، مدنی روڈ، اٹک شہر پنجاب

حضرت مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی صاحب علمی اور دینی حلقوں میں علمی و روحانی خدمات اور اپنے بلند پایہ تصانیف کی وجہ سے متعارف ہیں شیخ التفسیر حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ کے خلیفۂ اجل اور شیخ العرب والعجم مولانا سید حسین احمد مدنیؒ کے تلمیذ خاص ہیں، رحمت کائنات، تذکرۂ دیار حبیبؐ، با محمدؐ باوقار، اور درس قرآن کی طرح آپ کا سلسلۂ آسان تفسیر بھی بے حد پسند کیا گیا ہے۔ پیش نظر کتاب بھی اسی سلسلۂ تبلیغ واشاعت کی ایک کڑی ہے جو نورالالہام کے نام سے سورۂ انعام کا ترجمہ اور آسان تفسیر ہے جسمیں قرآنی آیات کی تفسیر کرتے وقت اس مضمون کی دوسری آیات سے تفسیر القرآن بالقرآن کی صورت اختیار کی گئی ہے۔ ترجمہ میں شاہ رفیع الدینؒ اور شاہ عبدالقادرؒ کا طرز اختیار کیا گیا ہے، فقہی اور لغوی ابحاث کی نسبت عام لوگوں کے عمومی فائدے اور رشد و ہدایت کو مدنظر رکھا گیا ہے، متعدد اقوال کی صورت میں قرآنی کلمات سے قریب، حضور اقدس ﷺ کے ارشادات، اور جمہور علماء تفسیر کے اختیار فرمودہ قول کو ترجیح دی گئی ہے۔ تفسیری فوائد میں شیخ التفسیر مولانا احمد علی لاہوریؒ سے استفادہ کیا گیا ہے۔ علماء اور طلبہ کے علاوہ جدید تعلیم یافتہ احباب اور معمولی لکھے پڑھے لوگوں کے لئے بھی اس سے فائدہ اٹھانا اور قرآنی علوم و معارف سے بہرہ ور ہونا آسان ہو گیا ہے۔

ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ حضرت قاضی صاحب کو اس سلسلہ آسان تفسیر کی تکمیل اور اس کی باقی جلدیں جلد منظر عام پر لانے کی توفیق ارزانی فرمائے۔

**فرامین نبویؐ ترجمہ و تشریح مکاتیب نبویؐ** | تالیف امام ابوجعفر دیبلی، ترجمہ مولانا محمد عبدالشہید نعمانی
صفحات ۱۶۰۔ قیمت ۱۰ روپے۔ ناشر۔ الرحیم اکیڈمی اے ۷/۷۔ اعظم نگر پوسٹ آفس۔ لیاقت آباد کراچی ۱۹

امام ابوجعفر دیبلی تیسری صدی کے مشہور عالم، صحاح ستہ کے مصنفین اور امام ابوجعفر الطحاویؒ کے معاصر ہیں، اپنے وقت کے نامور محدث تھے۔ اسماء الرجال کی متعدد کتابوں میں محدثین کے ضمن میں ان کا تذکرہ ملتا ہے۔ ابتدائی تعلیم بچپن میں حاصل کی پھر اس کی تکمیل کے لئے مکہ مکرمہ منتقل ہو گئے۔ سیرت نبویؐ کے اہم پہلو آپ کے مکاتیب کی

© rasailojaraid.com